© rasailojaraid.com

## (۳)

نام کتاب : کاروانِ نبوّت (روح الامین کی معیت میں) حصہ چہارم

مؤلف : پروفیسر ڈاکٹر تسنیم احمد

ضخامت: 288 صفحات قیمت: 350 پاکستانی روپے/15 امریکی ڈالر

ملنے کے پتے : (۱) البدر 23 راحت مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

(۲) اسلامک ریسرچ اکیڈمی D-15 فیڈرل بی ایریا بلاک 5 کراچی

اس کتاب کی قبل ازیں تین جلدیں چھپ چکی ہیں۔ یہ چوتھی جلد ہے جو نبوت کے پانچویں سال کے نصف آخر اور چھٹے سال کے واقعات و معاملات کی تفصیل پر مشتمل ہے اور یہاں اس دوران نازل ہونے والے قرآن کے اجزاء بھی بیان کر دیے گئے ہیں۔ پہلی تین جلدوں میں نبوت کے ابتدائی چار سالوں اور پانچویں سال کے نصف اول تک کے احوال و واقعات ہیں اور انہیں نازل ہونے والی آیات کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

مصنف نے نہایت عرق ریزی کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی سیرت' نزولِ قرآن کی ترتیب اور کاروانِ نبوت کی تاریخ قلمبند کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مصنف کی گہری محبت عیاں ہے۔ کتاب میں واقعات کا تذکرہ کرتے ہوئے تحقیق کے مسلّمہ اصولوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ جہاں مشہور بات سے اختلاف کیا گیا ہے وہاں مصادر کا حوالہ دے کر اپنے موقف کو واضح کیا گیا ہے' مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام کا واقعہ۔

باب 63 کا عنوان ہے: ''دورِ نبوت کی تقویم''۔ اس کے تحت قمری' شمسی' ہجری' جولین' گریگورین وغیرہ کیلنڈروں کا ذکر کیا گیا ہے جو انتہائی باریک حقائق پر مشتمل ہے۔ قرآن کی نزولی ترتیب کے تحت سیرت النبی ﷺ کے واقعات کی تحقیق کرنے والوں کے لیے یہ ایک گراں قدر ماخذ ہے۔

یہ کتاب عمدہ سفید کاغذ' معیاری طباعت' پیپر بیک بائنڈنگ اور جاذبِ نظر گیٹ اپ کے ساتھ ظاہری و باطنی خوبصورتی کی حامل ہے۔

(تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی ؐ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور دعوت و تبلیغ کے لیے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔



© rasailojaraid.com